" اور تم تم نے بھی تو اسد کو مارا ھے نا لیکن میں بھی تو سب کچھ بھول گیا ھوں نا عیلی"

"صرف تمہارے لئے"

تو مجھے یقین ھے کہ تتم بھی بھول جاؤ گی اپنی بہن کو ء"

" اور اور مجھ سے محبت کرنے لگ جاؤ گی

"دیکھنا عیلی تمہیں بھی مجھ سے محبت ھو جائے گی"

فہد عیلی کے چہرے کو اپنے ھاتھ سے پکڑے آہستہ آہستہ اپنے انگوٹھے سے عیلی کے گال سہلا رہا تھا اور ساتھ ساتھ عیلی سے بات بھی کر رھا تھا۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس وقت وہ کوئی پاگل جنونی انسان ہی لگ رہا تھا جو اپنی محبت کو کھونے کے ڈر سے خوفزدہ ہو۔۔۔۔۔

محبت چیز ہی ایسی ہوتی ہے۔۔۔۔

البتہ تو ہوتی نہیں اور جب کسی سے ہو جائے تو جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔۔۔۔۔

ایسا ہی فہد کے ساتھ ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ جو لڑکی کی ذات سے بھی نفرت کرنے لگا تھا اس نے تو کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ کوئی لڑکی اس کے لئے اس کی زندگی بن جائے گی۔۔۔۔۔

بس عیلی اب تم ٹھیک ہو جاؤ پھر دیکھنا ہم کیسے دھوم دھام سے اپنا ولیمہ کریں گے ءاور تم دیکھنا کہ بابا تم سے "ملکر کتنا خوش ہوتے ہیں

" پھر سب ٹھیک ہو گا"

" تم میں اور بابا ہم تینوں بہت خوش رہیں گے"

" اور میں اپنی محبت سے تمہارے سارے دکھ ساری تکلیفیں ختم کر دوں گا"

" اور تم دیکھنا کہ تم خود مجھ سے اپنی محبت کا اظہار کرو گی جو تمہیں مجھ سے ہو جائے گی"

فہد کے چہرے پر اس وقت کتنے ہی خواب جگمگا رہے تھے کتنا خوش تھا وہ اس وقت۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کتنی فیوچر پلینگ کر رہا تھا اس بات سے انجان کہ ضروری نہیں کہ جو ہم سوچیں ویسا ہو بھی جائے۔۔۔۔

لیکن یہ بات فہد کو کون بتاتا۔۔۔۔

پھر فہد نے مسکرا کر ریلی کو دیکھتے ہوئے جھک کر اس کی زخمی پیشانی کو اپنے ھونٹوں سے چھوا اور پھر عیلی کے بکھرے ہوئے بالوں میں اپنا چہرہ چھپا کر سو گیا۔۔۔۔

عیلی کی صبح آنکھ اپنی گردن پر کسی کی گرم سانسوں کو محسوس کرنے سے کھلی تو اس نے فہد کو اپنے بے حد نزدیک گہری نیند میں سوئے ہوئے پایا۔۔۔۔۔

جبکہ عیلی فہد کو اپنے اتنے نزدیک دیکھ کر فوراً اٹھ کر بیٹھ گئی جس سے فہد کی بھی فوراً آنکھ کھل گئی۔۔۔۔۔

"عیلی تم اٹھ گئی"

فہد نیند سے بھرپور آواز میں عیلی کے گھبرائے ہوئے چہرے کو دیکھ کر بولا۔۔۔۔

کیونکہ ابھی کچھ دیر پہلے ہی وہ سویا تھا اس سے پہلے تو وہ اپنی زندگی (عیلی) کو دیکھنے اور اس سے باتیں کرنے میں مصروف تھا۔۔۔۔

جبکہ عیلی اپنی بے ترتیب سانسوں کو سنبھالنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو کہ فہد کو اپنے نزدیک دیکھ کر گھبرا جانے سے اتھل پتھل ہو گئیں تھیں۔۔۔۔۔

" طبیعت کیسی ہے اب تمہاری"

فہد اب اٹھ کر بیٹھ گیا تھا مگر دیکھ ابھی بھی عیلی کو ہی رہا تھا جبکہ عیلی نے ہلکا سا چہرہ موڑ کر فہد کو دیکھا اور پھر سے اپنا رخ موڑ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

" اچھا دیکھاؤ مجھے"

" ٹھیک تو ہو تم"

فہد نے عیلی کو خاموش دیکھا تو کھسک کر اس کے قریب ہوا اور پھر اپنے ایک ہاتھ سے عیلی کے کاندھے کو پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے اس کی پیشانی چیک کرنے لگا۔۔۔۔۔

جبکہ عیلی کو فہد کی موجودگی میں سانس رکتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی اور اب تو فہد کی یہ حرکت تو گویا آگ پر تیل کا کام کر رہی تھی۔۔۔۔۔

تبھی عیلی سر جھکائے گہری گہری سانسیں لینے لگی

جیسے کہ آکسیجن کی کمی ہو گئی ہو۔۔۔۔۔

فہد نے غور سے عیلی کی بگڑتی ہوئی حالت دیکھی اور پھر اٹھ کر عیلی سے دور کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" تم فریش ہو جاؤ"

"میں تمہارے لئے ناشتہ لے کر آتا ہوں"

فہد نے گھبرائی ہوئی عیلی کو دیکھ کر کہا اور پھر جلدی سے کمرے سے باہر نکل گیا جبکہ عیلی فہد کو جاتا ہوا دیکھنے لگی اور پھر لمبی لمبی سانسیں لے کر خود کو ریلیکس کرنے لگی۔۔۔۔۔

" بھائی جی بلایا آپ نے"

فہد اس وقت عیلی کو جوس کا پکڑا رہا تھا جبکہ ناشتہ وہ عیلی کو کروا چکا تھا اور عیلی نے بھی بغیر انکار کیے فہد کے ہاتھ سے ناشتہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اب فہد کے ہاتھ سے جوس کا گلاس بھی پکڑنے لگی تھی جب اچانک سے قاسم بولتے ہوئے کمرے میں داخل ہوا۔۔۔۔۔

" عیلی تم جوس پیو میں ابھی واپس آتا ہوں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" تب تک جوس ختم کر لینا پھر میڈیسن بھی کھانی ھے تمہیں"

"اوکے"

فہد نے جواب طلب نظروں سے عیلی کو دیکھا تو عیلی نے جھکے سر کو کچھ اور بھی جھکا لیا تو فہد ہلکا سا مسکرا کر قاسم کے ساتھ کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔

عیلی کو خود سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ فہد کی باتیں چپ چاپ کیوں مان رہی ھے شاید فہد کے اتنی محبت سے ناشتہ کروانے پر وہ اسے انکار کر ہی نہیں سکی۔۔۔۔۔۔

اس لئے اب بھی وہ فہد کے بارے میں سوچتے ھوئے آہستہ آہستہ جوس پینے لگی۔۔۔۔۔۔

" بھائی جی خیریت تو ھے"

آپ نے صبح صبح ہی کال کر دی میں تو جی ڈر ہی گیاء کہ اللہ خیر کرے ایسا کیا ھو گیا ھے ء جو آپ نے مجھے یاد کیا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قاسم حیرانگی سے فہد کے روشن چہرے کو دیکھ کر بولا۔۔۔۔

کیونکہ فہد نے صبح کے 7 بجے قاسم کو کال کر کے فارم ھاؤس پر بلایا تھا۔۔۔۔

اور خود عیلی کے لئے ناشتہ تیار کر کے اسے ناشتہ کروا رھا تھا جب قاسم گھبرایا ھوا کمرے میں داخل ھو کر بولا

۔۔۔۔۔

اور اب بھی وہ فہد سے جلدی بلانے کی وجہ پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔

جبکہ فہد مسلسل مسکرا کر قاسم کو دیکھ رھا تھا۔۔۔۔۔

"بھائی جی کیا ھوا"

"آپ مجھے ایسے کیوں دیکھ رھے ھیں جی "

قاسم نے فہد کے بلاوجہ مسکرائے جانے پر اس سے وجہ پوچھی کیونکہ اسے فہد کی ذہنی حالت پر شبہ ھو رھا تھا کہ کہیں عیلی کی طبیعت خرابی کی وجہ سے فہد کی ذہنی حالت خراب تو نہیں ہو گئ۔۔۔۔۔

" قاسم یار مجھے تمہاری ہیلپ چاھیے"

بس یہ سمجھ لو کہ اب سب کچھ تمہیں ہی سنبھالنا ھے ء"

"کیونکہ مجھے تو اب عیلی کی دیکھ بھال کرنی ھو گی ء تاکہ وہ ایک دو دنوں میں ہی بالکل فٹ ھو جائے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فہد ابھی بھی مسکراتے ہوئے قاسم سے بات کر رہا تھا جبکہ قاسم بھی مسکرا کر فہد کو دیکھنے لگا اور پھر جلدی سے بولا۔۔۔۔

" خادم حاضر ہے بھائی جی"

"آپ حکم کریں کہ میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں"

قاسم وفاداری کا مکمل ثبوت پیش کر رہا تھا جبکہ فہد کی مسکراہٹ قاسم کے اس انداز پر کچھ اور گہری ہوئی ۔۔۔۔

" یار قاسم مجھے دو تین دنوں تک میرا اور عیلی کا ولیمہ کروانا ہے ءتو یہ سارے انتظامات تم سنبھالو گے"

کیونکہ یار مجھے لگتا ہے کہ یہ سہی وقت ہے اس طرح ایک تو عیلی کی حالت سدھر جائے گی ءاور دوسرا"

" میں عیلی کو لے کر بابا سائیں کے پاس چلا جاؤں گا' کیونکہ مجھے ان کی بھی فکر رہتی ہے

"اور آج وکیل سے بھی بات کرو تم"

میں اپنی ساری پراپرٹی عیلی کے نام کروانا چاہتا ہوں ء"

" تو یہ کام تم آج ہی کر دینا

" مجھے یقین ہے کہ تم سب سنبھال لو گے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" میں سہی کہہ رہا ھوں نا قاسم "

فہد نے شوکڈ سے بیٹھے قاسم کو پکارا تو وہ ہوش میں واپس آیا اور پھوز بردستی ہلکا سا مسکرا کر سر کو ھاں میں ہلا کر جلدی سے اٹھ گیا۔۔۔۔۔

جبکہ فہد اپنی خوشی میں قاسم کے چہرے کے بدلتے تاثرات کو نوٹ ہی نہیں کر سکا۔۔۔۔۔

جو کہ یہ نیوز سن کر ہی بدل گئے تھے۔۔۔

" پی لیا جوس "

" ویری گڈ "

فہد جب دوبارہ کمرے میں داخل ھوا تو عیلی خالی گلاس اپنے ھاتھ میں پکڑے بیٹھی تھی۔۔۔۔

تو فہد مسکرا کر چلتے ھوئے عیلی کے پاس آیا اور پھر گلاس پکڑ کر اسے سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ھوئے کہا۔۔۔

جبکہ عیلی بغیر کوئی جواب دیے چپ چاپ بیٹھی رہی۔۔۔

مگر فہد عیلی کو مسلسل اپنی لودیتی نظروں کے ساتھ گھورے جا رھا تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جس سے عیلی گھبراہٹ کا شکار ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

اور فہد سے اپنی یہی گھبراہٹ چھپانے کے لیے نظریں جھکا کر گود میں رکھے اپنے ھاتھوں کو مروڑنے لگی

۔۔۔۔۔

جبکہ عیلی کو اس طرح کرتے دیکھ کر فہد کی مسکراہٹ اور گہری ھو گئ۔۔۔۔۔

تو فہد عیلی کو اور تنگ کرنے کا ارادہ کرتے ہوئے عیلی کے پاس بیڈ پر بیٹھ کر اسے محبت بھری نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

"یونو عیلی"

"میں نے ایک بات نوٹ کی ھے"

" کہ تم بہت فرمابردار ھو"

تو کافی اچھی زندگی گزرنے والی ھے ء ہم دونوں کی"

"میں جو جو کہتا جاؤں گا ء تم وہ وہ مانتی جاؤ گی

" بس ایسے ہی ہم بڑھے ھو جائیں گے"

"اور پھر اپنے پوتوں پوتیوں کو اپنی لوسٹوری سنائیں گے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کہ کیسے ان کے دادا کو ان کی دادی سے محبت ہوئی تھی"

فہد مسکرا کر عیلی کو دیکھتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔۔جبکہ عیلی کا چہرہ اب مکمل سرخ ہو چکا تھا۔۔۔اسی لئے وہ جلدی سے اٹھ کر باہر جانے لگی۔۔۔جبکہ فہد نے بہت پھرتی کے ساتھ عیلی کے ہاتھ کو پکڑ کر اسے دوبارہ بیڈ پر بیٹھا دیا۔۔۔۔

" یہ کیا بات ہوئی عیلی"

' ہاں

" میڈیسن نہیں کھانی ہے کیا"

" بہت لاپرواہو تم"

" اب نا تمہارے یہ نخرے نہیں چلیں گے"

" جلدی سے ایک دو دنوں میں ٹھیک ہو جاؤ"

"کیونکہ مجھے میری پیاری سی عیلی ولیمے کے دن بالکل ٹھیک بالکل فٹ چاہیے"

" اس بات پر میں کوئی کمپرومائز نہیں کروں گا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فہد مسلسل مسکراتے ھوئے عیلی کو دیکھ کر بول رہا تھا۔۔۔جبکہ عیلی کا چہرہ ہر گزرتے لمحے حیران پریشان ساھوتا جارھا تھا۔۔۔۔

"سمجھ آئی"

"میری کیوٹ سی عیلی"

فہد نے جب عیلی کو شوکڈ سا خود کو دیکھتے ہوئے پایا تو ہلکا سا جھک کر عیلی کے ناک کو دبا کر بولا۔۔۔۔

جس سے عیلی کرنٹ کھا کر فوراً واپس ھوش میں آئی اور پھر فہد کو اپنے اتنے قریب دیکھ کر جلدی سے بیڈ سے اٹھ کر فہد کو غصے میں گھورتی ھوئی بولی۔۔۔۔

" کیا کہا آپ نے کہ ولیمہ ھے میرا اور آپ کا"

" کیسے کر سکتے ھیں آپ یہ"

" یہ جانتے ہوئے بھی کہ مجھے آپ کے ساتھ نہیں رہنا"

" یہ جانتے ہوئے بھی کہ مجھے آپ سے شدید نفرت ھے"

" قاتل ھیں آپ میری بہن کے"

" اور آپ کے ساتھ رہنے سے اچھا ھے ء کہ میں خود کشی کر لوں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" مار ڈالا آپ نے میری بہن اور میرے بابا کو"

عیلی غصے سے چیختی ہوئی آخر میں رو کر زمین پر بیٹھ گئ۔۔۔۔۔

کیونکہ وہ اپنے دل میں فہد کے لیے پیدا ہونے والی محبت کے ہاتھوں مجبور ہو کر اسے مارنے کا ارادہ ترک کرتے ہوئے یہاں سے چپ چاپ چلے جانا چاہتی تھی۔۔۔۔۔

مگر اب فہد نے اس سے ولیمے کی بات کر کے گویا اس کے زخموں کو دوبارہ سے ہرا کر دیا تھا۔۔۔۔

اسی لئے وہ بغیر کچھ سوچے سمجھے فہد سے وہ باتیں بھی کر گئ۔۔۔۔۔جو وہ کبھی نارمل حالات میں تو نہ کرتی۔۔۔۔۔

جبکہ فہد پہلے تو کچھ دیر عیلی کو روتا ہوا دیکھتا رہا۔۔۔۔ مگر پھر غصے میں چلتا ہوا عیلی کے پاس آیا اور پھر اسے بازو سے پکڑ کر اٹھا کر اپنے مقابل کھڑا کیا۔۔۔۔۔

جبکہ عیلی بھیگی بھیگی پلکوں سے شوکڈ سی کھڑی فہد کو دیکھنے لگی اور پھر کچھ دیر بعد اپنی بازو فہد کے مضبوط ہاتھ سے نکالنے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔

مگر فہد غصے کی وجہ سے سرخ ہوتی آنکھوں کے ساتھ چپ چاپ کھڑا عیلی کی ناکام سی کوشش کو دیکھتا رہا۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"چھوڑیں میرا بازو"

"مت چھوا کریں مجھے"

" گن آتی ھے مجھے آپ کے وجود سے"

" نفرت کرتی ھوں میں آپ سے اتنی سے بات سمجھ کیوں نہیں آتی آپ کو"

عیلی کافی دیر تک فہد سے اپنا بازو چھڑوانے کی کوشش کرنے کے بعد آخر میں چیخ کر فہد سے بولنے لگی۔۔۔۔۔

جبکہ فہد نے عیلی کی بات سنتے ہی جھٹکا دے کر عیلی کا بازو چھوڑا اور پھر جلدی سے اپنا ایک ھاتھ عیلی کی کمر میں ڈالا۔۔۔۔جبکہ دوسرے ھاتھ کو پیچھے سے عیلی کی گردن میں ڈال کر عیلی کو اپنے قریب کیا

۔۔۔۔۔۔

جس سے عیلی اب اپنے ایڑھیاں اونچی کیے فہد کے بے حد قریب کھڑی تھی۔۔۔۔۔

اور فہد کی سرخ نظروں کو اپنے چہرے پر گڑھتا ھوا محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

" گن آتی ھے تمہیں میرے چھونے سے"

"کیونکہ نفرت کرتی ھو تم مجھ سے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن کیوں؟؟؟

" ھاں بولو"

" کیونکہ تمہاری بہن کا قتل کیا ھے میں نے"

" ھاں یہی وجہ ھے نا"

"بٹ فار یور کائنڈ انفرمیشن عیلشاہ فہد مصطفیٰ قاتل آپ بھی ھیں میرے بھائی کی"

"جان آپ نے بھی لی ھے کسی انسان کی"

"اگر میں قاتل ھوں تو بے گناہ تم بھی نہیں ھو"

میں نے بہت مشکل سے اسد کا خون معاف کیا ھے تمہیں ءاس گلٹ کے ساتھ کہ میں بھی تمہاری بہن " کو مار چکا ھوں

"اس لئے دوبارہ مجھ سے اس موضوع پر تم کوئی بات نہ کروء تو ہی بہتر ھو گا تمہارے لیے"

فہد مسلسل عیلی کی برستی ھوئی آنکھوں میں اپنی سرخ آنکھیں گاڑھے اس سے کاٹ دار لہجے میں بات کر رہا تھا۔۔۔۔ جبکہ عیلی فہد کی گرم سانسوں کو اپنے چہرے پر محسوس کر کے خود کو جلتا ھوا محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوراس سے زیادہ فہد کی باتیں جو اسے پاگل کرنے کے لئے کافی تھیں۔۔۔۔۔۔

وہ جو یہ سوچی بیٹھی تھی کہ اسد کے سر پر اتنی زور سے بھی وار نہیں لگا تھا۔۔۔۔تو یقیناً وہ بچ گیا ہو گا اور عیلی قتل جیسے گناہ سے بچ گئی ہو گی۔۔۔۔۔

کیونکہ فہد کا رویہ بھی دیکھ کر اسے یہی لگا تھا کہ اسد بچ گیا ہو گا۔۔۔۔ورنہ فہد کہاں عیلی کو زندہ چھوڑتا

۔۔۔۔۔

حالانکہ سنجابی نے یہ بات عیلی کو بتائی بھی تھی کہ اسد کی موت ہو چکی ہے۔۔۔۔۔مگر تب عیلی کا دھیان اپنے پلین کی طرف تھا۔۔۔کہ کس طرح وہ فہد کو خود سے شادی کرنے کے لئے منا سکے اور پھر فہد کے پاس رہ کر اسے جان سے مار سکے۔۔۔۔اس لئے وہ اس بات پر غور نہیں کر سکی۔۔۔۔مگر اب فہد کی بات سن کر عیلی کو مرتا ہوا محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔یہ بات ہی اس کے لئے اذیت کا باعث تھی۔۔۔۔کہ وہ ایک قاتل ہے۔۔۔۔

اسی لئے عیلی کو اپنی سانسیں رکتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔تو وہ فہد کو دیکھ کر لمبے لمبے سانس لینے لگی

۔۔۔۔۔

اور فہد کے سینے پر اپنے دونوں ہاتھ رکھ کر اسے خود سے الگ کرنے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبکہ فہد نے جب عیلی کی ایسی حالت دیکھتی تو عیلی کو خود سے الگ کر کے اسے بیڈ پر بیٹھا کر خود جلدی سے گلاس میں پانی ڈالنے لگا۔۔۔۔۔

" پانی پیو عیلی"

فہد پریشانی سے عیلی کے منہ کے قریب گلاس کرتے ہوئے بولا۔۔۔۔

جبکہ عیلی نے آنسوں بھری نظروں سے فہد کو دیکھا اور پھر پانی پینے لگی۔۔۔۔۔

"یہ سچ ھے عیلی کہ تمہارے ھاتھوں اس رات اسد کی موت ھو چکی ھے"

"اور میرا یقین مانو اگر تم بے گناہ ھوتی تو میں کبھی تمہیں بغیر تمہاری مرضی کے اپنے پاس نہ رکھتا"

" مگر اب جتنا میں بے گناہ ھوں اتنی تم بھی ھو"

" اس لئے اب میں تمہارے منہ سے یہ نہ سنو کہ تمہیں مجھ سے نفرت ھے"

فہد نے سخت لہجے میں عیلی سے کہا اور فوراً کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔۔

کیونکہ وہ چاہتا تھا۔۔۔کہ عیلی کچھ دیر اکیلی رہ کر سوچ سکے اور خود کو سنبھال بھی لے۔۔۔۔

فہد کو عیلی کی ایسی حالت پر تکلیف تو ھو رہی تھی۔۔۔۔ مگر یہ سب کرنا ضروری تھا۔۔۔۔ کیونکہ عیلی فہد کی نرمی کا ناجائز فائیدہ اٹھا رہی تھی۔۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فہد عیلی کو کبھی بھی خود سے دور نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔ مگر عیلی کے سامنے وہ یہ بات کر گیا تھا۔۔۔

" کہ اگر وہ بے گناہ ہوتی تو وہ اسے چھوڑ دیتا"

کیونکہ فہد یہ جانتا تھا کہ عیلی کونسا بے گناہ ھے۔۔۔۔ جو وہ عیلی کو کبھی خود سے الگ کرتا۔۔۔۔

" یعنی اب عیلی ہمیشہ اس کے پاس رھے گی"

فہد نے مسکرا کر سوچا اور پھر اپنے سپیشل روم کی طرف چل پڑا۔۔۔۔۔

" ایسے کیسے کر سکتے ھیں بھائی جی میرے ساتھ"

" اتنے سال چاپلوسی میں نے کی ان کی, اور ساری دولت اس کل کی آئی لڑکی کے نام کر رھے ھیں"

" وہ بھی جسے صرف ایک دفعہ دیکھا اور محبت سمجھ کر شادی کر لی"

قاسم اپنے کمرے میں بیٹھا ڈرنک کر رھا تھا۔۔۔ جو کہ وہ فہد کی جب ڈرنکس لینے جاتا تھا۔۔۔ تو ان میں سے کچھ اپنے لئے بھی رکھ لیتا تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوراب انہی ڈرنکس میں سے ایک بوتل نکال کر پی رھا تھا۔۔۔۔

" سالی چھٹانک بھر کی چھوکری"

"اتنے امیر انسان کو پھنسا کر ساری دولت اکیلے ہڑپنا چاہتی ھے"

قاسم نے غصے میں عیلی کو برا بھلا کہتے ھوئے زور سے سٹیل کا گلاس (جس میں وہ ڈرنک کر رھا تھا) زمین پر پٹخا اور پھر بوتل کو منہ لگا کر شراب پینے لگا۔۔۔۔

"سالی مجھے"

" مجھے کنگلا کرنا چاہتی ھے"

" لیکن میں کیسے اپنے اتنے سالوں کی محنت ضائع ھونے دوں گا"

"کیا کچھ نہیں کیا میں نے اس دولت کو حاصل کرنے کے لئے"

" اسد بھائی کا قتل بھی تو اسی دولت کو حاصل کرنے کے لیے کیا تھا اور پھر سارا الزام اس چھوکری پر لگا دیا"

"لیکن نہیں فہد سائیں کو تو کچھ نظر ہی نہیں آتا اپنی اس گھٹیا محبت کے آگے"

" اپنے بھائی کا قتل بھی معاف کر دیا ءاس چھوکری کے پیچھے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ویسے بڑے محبت کے دعوے کرتے تھے"

" اسد میرا بچہ ھے"

قاسم نے منہ بگاڑتے ھوئے فہد کی نقل اتاری اور پھر سے بوتل کو منہ لگالیا۔۔۔

" کچھ نہیں ھے وہ"

"فہد سائیں کچھ نہیں"

" اب لڑکی مل گئی تو سب بھول گئے"

"بھئی عورت چیز ہی ایسی ھے"

لیکن بس اب نہ رھیں گے فہد سائیں اور نہ ان کی محبت ء"

اور جب فہد سائیں ہی اللہ کو ہمیشہ کے لیے پیارے ھو جائیں گے ء تو اس چھوکری کو تو میں خود سنبھال لوں گا

"

قاسم خبثت سے بولا

اور پھر گٹاگٹ شراب پینے لگا۔۔۔اس بات سے انجان کہ زینب کو گلاس گرنے کی آواز سن کر قاسم کے کمرے کی طرف آئی تھی۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سب باتیں اور قاسم کی پلینگ سن چکی ھے۔۔۔۔۔

" سالی یہ بھی ختم ھوگئی"

قاسم نے خالی شراب کی بوتل کو الٹا کر غصے سے کہا۔۔۔۔اور پھر اٹھ کر نئی بوتل اٹھانے لگا کہ اس کی نظر اچانک اپنے کمرے کے دروازے پر پڑی جہاں اسے کالا دوپٹہ نظر آیا جو کہ کسی کی موجودگی کو ظاہر کر رھا تھا ۔۔۔۔۔

" کون ھے وہاں"

قاسم لڑکھڑاتی ہوئی آواز میں بولا اور پھر تیزی سے دروازے کی طرف بڑھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ زینب قاسم کی آواز سن کر ڈر گئی اور پھر قاسم کی چلنے کی آواز اپنے قریب محسوس کر کے قاسم کے اسے دیکھنے سے پہلے ہی تیزی سے داخلی دروازے کی طرف بھاگی۔۔۔۔۔۔

کیونکہ اب اس کا ارادہ سیدھا فہد کے فارم ہاؤس کی طرف جانے کا تھا۔۔۔۔۔

اب جو بھی تھا وہ فہد کو مرنے نہیں دے سکتی تھی۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فہد اس نہ سہی مگر زندہ تو ہو گا اور زینب کے لئے یہ بات ہی کافی تھی کہ وہ زندہ اور سہی سلامت رہے

۔۔۔۔۔

محبت میں ایسے ہی تو ہوتا ہے اور زینب بھی تو فہد سے محبت کرتی تھی پھر بھلا اسے مرنے کیسے دیتی۔۔۔۔

مگر زینب کے داخلی دروازے سے باہر نکلنے سے پہلے ہی قاسم اسے دیکھ چکا تھا اور پھر تیزی سے اپنی گن (جو کہ فہد نے اسے سیفٹی کے لئے دی تھی) اسے اٹھا کر زینب کے پیچھے بھاگنے لگا۔۔۔۔۔

فہد کے کمرے سے چلے جانے کے بعد عیلی بہت دیر تک روتی رہی آخر یہ کوئی چھوٹی سی بات نہیں تھی کہ وہ بھی ایک قاتل ہے۔۔۔۔۔

آج تک کبھی اس نے کسی چیونٹی تک کو نہیں مارا تھا۔۔

مگر اب وہ ایک انسان کا قتل کر چکی تھی۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مارنا تو وہ فہد کو بھی چاہتی تھی مگر اتنی ہمت اور اتنا ظالم دل کہاں سے لاتی اس لئے فہد کو بھی وہ مار نہ سکی یا شاید فہد سے محبت ہو گئی تھی اس لئے۔۔۔۔۔

"میں نے قتل کا ہے وہ بھی سائیں جی کے بھائی کا"

"تو میں کیسے کسی انسان کی جان لے کر خود سکون سے رہ سکتی ہوں"

" تکلیف اور اذیت تو مجھے بھی ملنی چاہیے"

" مجھے بھی تو سزا ملے قتل کرنے کی"

"ہاں یہ ٹھیک ہے"

" مجھے یہی کرنا پڑے گا"

" میں اسی قابل ہوں"

عیلی نے بے دردی سے اپنے آنسوں صاف کیے اور پھر اٹھ کر فہد کو ڈھونڈنے لگی۔۔۔۔

آخر اب اپنا فیصلہ (جو وہ جذبات میں آکر کر چکی تھی) وہ فہد کو بھی تو سنانا تھا۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوری گائیز پر اب مجھے تم سب کی ضرورت نہیں ہے ء"

وہ کیا ھے نا کہ اب میرے پاس میری عیلی ھے ء

" جو ہمیشہ میرے ساتھ رھے گی

" تو جب میرے پاس میری عیلی ھوتی ھے تو مجھے اور کچھ نہیں چاھیے ھوتا"

" ویسے بہت مس کروں گا میں تم سب کو"

آخر میرے ہر غم ہر تکلیف میں دوست رھے ھو تم سب ء"

" لیکن وہ کیا ھے نا کہ میری عیلی کو تم سب پسند نہیں ھو تو مجھے تم سب کو چھوڑنا ھو گا

اس وقت فہد اپنے سپیشل روم میں موجود اپنی ڈرنکس کے ساتھ بات کر رھا تھا۔۔۔۔

کیونکہ دو دن بعد فہد عیلی کو لے کر ہمیشہ کے لئے اپنی حویلی جانے والا تھا تو اس لئے آخری بار اپنی ڈرنکس کو الوداع کرنے اور اپنی شارٹ گن (جسے وہ چھپا کر اس روم میں رکھتا تھا) لینے آیا تھا اور پھر وہ اس روم کو ہمیشہ کے لئے لوکڈ کر دینے والا تھا۔۔۔۔

"سو بائے گائیز فار ایور"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فہد نے مسکرا کر کہا اور پھر شارٹ گن اپنی جیب میں ڈال کر باہر نکلنے کے لئے قدم اٹھائے

اس سے پہلے کہ وہ دروازہ کھولتا اچانک سے دروزاہ کھول کر عیلی کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔۔

"عیلی تم"

"کیا ہوا"

فہد نے عیلی کی سوجھی ہوئی سرخ آنکھوں کو دیکھتے ہوئے کہا جو کہ اس کے بہت دیر تک رونے کو ظاہر کر رہی تھیں۔۔۔۔

" مجھے آپ سے بات کرنے ہے"

عیلی نے بے تاثر چہرے کے ساتھ فہد کے خوبرو چہرے کی طرف دیکھا اور پھر جلدی سے اپنی نظریں جھکا لیں

کیونکہ فہد کے چہرے پر خوشی بہت واضح ہو رہی تھی جیسے اس نے پوری دنیا فتح کر لی ہو۔۔۔۔۔

مگر فہد کی یہ خوشی عیلی کے درد کو مزید بڑھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

" ہاں بولو کیا کہنا ہے تمہیں"

" بلکہ رکو بیٹھو یہاں پر"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" بیٹھ کر سکون سے بات کرتے ھیں"

فہد نے عیلی کے پاس آتے ھوئے مسکرا کر کہا جبکہ عیلی نے فوراً فہد کو رکنے کا اشارہ کیا اور پھر نظریں اٹھا کر دوبارہ فہد کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

" میں نہیں جانتی تھی کہ میں بھی قاتل ھوں"

" میں بھی کسی کی موت کا باعث بنی ھوں"

"تو جب میں قتل کر ہی چکی ھوں، تو سزا بھی تو ملنی چاھیے نا مجھے"

" اور میرے نزدیک میرے لئے آپ کے ساتھ سے بڑھ کر اور کوئی سزا نہیں ھو سکتی"

" کر لیں تیاریاں اپنے ولیمے کی"

" مجھے کوئی اعتراض نہیں ہو گا کیونکہ میں اسی اذیت اسی دن رات کے ٹارچر کے قابل ھوں"

" جو مجھے آپ کے ساتھ رہ کر ملے گا"

" مبارک ھو آپ کو "

"آپ کی ضد پوری ھو گئی "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" آپ کے کھیلنے کے لئے آپ کو پسندیدہ کھلونا مل گیا"

" جو کبھی آپ سے کوئی شکوہ کوئی شکایت نہیں کرے گی"

" کیونکہ وہ خود قصوروار ھے"

عیلی نان سٹاپ فہد کو دیکھتے ہوئے بولے جا رہی تھی جبکہ فہد عیلی کی باتیں سن کر خود کو مرتا ھوا محسوس کر رھا تھا۔۔۔۔

یعنی عیلی کبھی اس کی محبت کو سمجھ ہی نہیں سکی بلکہ وہ خود کو ٹارچر کرنے کے لئے فہد کے ساتھ کو قبول کر رہی ھے۔۔۔۔

"عیلی میری بات سن لو پلیز"

عیلی اپنی بات مکمل کر کے جانے کے لئے مڑی ہی تھی کہ فہد نے کرب سے عیلی کو پکارا۔۔۔۔

" جی بولیں سائیں جی"

"بندی کیا خدمت کر سکتی آپ کی "

عیلی نے جلدی سے فہد کی طرف دیکھ کر کہا جبکہ اس سے پہلے کہ فہد کچھ بولتا۔۔۔۔

انھیں ھال سے زینب کے زور زور سے فہد کو پکارنے کی آواز سنائی دی۔۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" یہ زینب ھے نا "

" اسے کیا ھو گیا "

" عیلی میں میں ابھی کچھ دیر میں تم سے بات کرتا ھوں ءتب تک تم یہیں رکو "

فہد نے جلدی سے عیلی کو دیکھتے ھوئے کہا اور پھر فوراً کمرے سے باہر نکل گیا جبکہ عیلی خاموش سی وہیں کھڑی رہی۔۔۔۔۔

اور پھر کچھ سوچتے ھوئے فہد کے پیچھے کمرے سے باہر نکل گئی۔۔۔۔۔

"کیا ھوا تمہیں"

"اس طرح کیوں بلا رہی تھی مجھے"

فہد نے جانچتی ھوئی نظروں سے زینب کو دیکھتے ہوئے کہا جبکہ زینب جو جھک کر اپنے پیٹ پر ھاتھ رکھے لمبے لمبے سانس لے رہی تھی۔۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فہد کی آواز پر چونک کر اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"فہد سائیں فہد سائیں مجھے آپ سے بہت ضروری بات کرنی ھے"

زینب پھولی ھوئی سانسوں کے ساتھ فہد کو دیکھتے ہی جلدی سے بولی۔۔۔۔

" ھاں بولو"

" کیا کہنا ھے تمہیں"

"لیکن پہلے بیٹھ جاؤ"

"کافی تھکی ھوئی لگ رہی ھو"

فہد نے صوفوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے زینب سے کہا۔۔۔۔

" نہیں جی"

"مجھے بیٹھنا نہیں ھے"

"میری بات جلدی سے سن لیں جی"

"فہد سائیں اسد سائیں کو آپ کی بیوی نے نہیں بلکہ قاسم بھائی نے مارا ھے جی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" میں نے ابھی سنا اپنے کانوں سے قاسم بھائی نشے میں بول رہے تھے"

" اوراور قاسم بھائی آپ کو"

! کچک

اس سے پہلے کہ زینب مزید کچھ بولتی ھال میں کچھ گرنے کی آواز سنائی دی جس پر فہد اور زینب دونوں نے اپنے بائیں جانب دیکھا۔۔۔۔

عیلی جو فہد کے پیچھے ہی ھال میں داخل ھوئ تھی کہ زینب کی بات سن کر لڑکھڑا کر پاس پڑے چھوٹے سے ٹیبل سے ٹکرائی۔۔۔۔

جس سے ٹیبل پر موجود چھوٹا سا شو پیس زمین پر گر کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم ھو گیا جبکہ عیلی آنکھیں پھاڑے فہد کو دیکھے جا رہی تھی۔۔۔۔۔

فہد نے جب عیلی کی ایسی حالت دیکھی تو جلدی سے عیلی کی طرف بڑھنے لگا جبکہ زینب کے چیخنے کی آواز پر مڑ کر اپنے پیچھے دیکھا جہاں قاسم فہد کی طرف گن تانے کھڑا تھا۔۔۔۔

" قاسم تو نے یہ سب"

فہد غصے میں بولتے قاسم کی طرف بڑھا کیونکہ فہد کے سر پر اس وقت قاسم کا خون سوار ھو چکا تھا۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ بات اسے شدید تپش دلا رہی تھی کہ وہ آستین کا سانپ اتنے سال ان کے ساتھ کر اسد کو اپنے ہاتھوں سے مار سکتا ھے۔۔۔۔۔

"آہ ھاں نانا بھائی جی"

" آگے مت بڑھنا"

" ورنہ مارے جاؤ گے"

"لیکن میں آپ کو مارنا نہیں چاہتا"

" بلکہ میں تو اس چوہیا کو ماروں گا ء جو ساری دولت ہڑپنے کے لئے آگئ ھے"

" اور جب یہ ہی مر جائے گی تو آپ تو ویسے ہی جیتے جی مر جائیں گے"

"مطلب پھر یہ ساری دولت مجھ بیچارے کو ہی سنبھالنی پڑے گی"

قاسم نے شیطانی مسکراہٹ کے ساتھ فہد کو دیکھ کر کہا۔۔۔

اور پھر تیزی سے گم صم سی کھڑی عیلی کی طرف گن کا رخ کیا جبکہ فہد نے عیلی کی طرف گن کا رخ دیکھ کر حواس باختہ ھو کر جلدی سے اپنی جیب سے شارٹ گن نکالی اور بغیر کوئی تاخیر کیے قاسم پر فائر کر دیا۔۔۔۔

جبکہ قاسم عیلی کو تو کیا گولی مارتا خود فہد کی گولی لگنے سے زمین پر گر کر تڑپنے لگا۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر وہاں قاسم کی پرواہ ہی کسے تھی سوائے زینب کہ اس لئے زینب بھاگ کر قاسم کے پاس گئ۔۔۔۔

مگر گولی قاسم کے جگر پر لگی تھی اسی لئے اب وہ اکھڑے اکھڑے سانس لینے لگا تھا۔۔۔۔۔

جبکہ فہد ان سب باتوں سے بے نیاز ھو کر جلدی سے گن واپس اپنی جیب میں ڈالی اور پھر تیزی سے عیلی کی طرف گیا۔۔۔۔

اور اس کے چہرے کا رخ اپنی طرف کرنے لگا جو کہ بغیر پلکیں جھپکائے قاسم کو مرتا ھوا دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"عیلی"

" عیلی میری بات سنو "

فہد بولتے ھوئے عیلی کہ سامنے آ کر کھڑا ہو گیا تا کہ وہ قاسم کو نہ دیکھ سکے۔۔۔۔

جبکہ عیلی نے خوفزدہ نظروں سے فہد کی طرف دیکھا اور پھر اچانک بھاگ کر اپنے کمرے کی طرف جانے لگی۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ وہ دروازہ لوک کرتی فہد نے جلدی سے ٹھوکر مار کر دروازے کو بند ھونے سے روکا اور پھر تیزی سے عیلی کی طرف بڑھ کر اسے کاندھوں سے پکڑ کر کھڑا ھو گیا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"عیلی عیلی"

" ادھر دیکھو میری طرف "

" وہ اسی قابل تھا "

" اگر میں اسے نہیں مارتا تو وہ تمہیں مار دیتا "

" میں نے تمہیں بچانے کے لیے یہ سب کیا ورنہ وہ"

فہد تیزی سے عیلی کو سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا جو مضبوطی سے آنکھیں بند کیے کھڑی تھی۔۔۔۔۔

مگر فہد کی بات سننے کے بعد عیلی نے فوراً اپنی آنکھیں کھولیں اور پھر غصے سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

" ورنہ کیا"

" مر جاتی میں"

" تو مرنے دیا ہوتا نا "

"کیوں بچایا مجھے"

"تاکہ آپ کے ساتھ رہ کر ہر دن ہر لمحے مروں میں "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"لیکن میں ایسے ٹارچر نہیں ھونا چاہتی ھوں سائیں جی "

" آپ کو یاد ھے کہ آپ نے کیا کہا تھا کہ اگر میں بے گناہ ھوتی تو آپ مجھے آزاد کر دیتے "

" لیکن اب تو آپ کو پتہ چل گیا ھے نا کہ میں بے گناہ ھوں"

" تو پلیز مجھے آزاد کر دیں "

" مجھے نہیں رہنا آپ کے ساتھ "

" میں نہیں مرنا چاہتی ھوں ایسے"

آپ تو محبت کرتے ھیں نا مجھ سے تو پلیز میرے لئے ءاتنا کر دیں تا کہ میں کچھ پر سکون زندگی گزار سکوں"

" پلیز سائیں جی "

" پلیز سائیں جی مجھے آزاد کر دیں "

عیلی پہلے تو غصے سے فہد سے بولنے لگی مگر پھر آخر میں فہد کی منت کرتے ھوئے اس کے سامنے ھاتھ جوڑنے لگی۔۔۔۔۔۔

جبکہ فہد شوکڈ سا عیلی کو دیکھے جا رھا تھا۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ تواس نے کبھی سوچاہی نہیں تھاکہ عیلی اس سے کبھی ایسی بھی کوئی ڈیمانڈ کرے گی جو وہ مر کر بھی پوری نہیں کر سکے گا۔۔۔۔۔

" آپ کو سمجھ نہیں آرہی کہ میں کیا کہہ رہی ھوں""مجھے نہیں رہنا آپ کے ساتھ "

" موت سے بھی بڑھ کر سزا ھے یہ میرے لئے "

" جارہی ھوں میں آپ سے دور "

" اس ماحول سے دور "

'ہمیشہ کے لئے "

" کیونکہ یہاں مجھے سانس لینا دشوار لگتا ھے "

عیلی نے جب فہد کو خاموش کھڑا دیکھا تو چیخ کر فہد کو دھکا دیا جس سے وہ ھوش میں واپس آیا۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کے عیلی کمرے سے باہر جاتی فہد نے تیزی سے عیلی کے ھاتھ کو پکڑا اور پھر عیلی کے پاس اس کے قدموں میں گٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

جبکہ عیلی نے غصے میں مڑ کر فہد کی طرف دیکھا تو حیران رہ گئی۔۔۔۔۔

کیونکہ فہد گٹنوں کے بل اس کے پیروں میں بیٹھا اپنی گن نکال کر عیلی کے سامنے کر رھا تھا۔۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمہارے بغیر مجھے یہ موت سے بھی بدتر زندگی نہیں چاہیے عیلی "

" مجھے مار دو عیلی "

" کیونکہ میں تمہارے بغیر لمحہ لمحہ کی موت نہیں مرنا چاہتا "

"میں بہت برا ھوں نا عیلی "

"تمہارے قابل بھی نہیں ھوں "

"یہاں تک کہ تمہاری بے گناہ بہن کا قاتل بھی ھوں میں "

" مگر میں کیا کروں عیلی محبت ہی اتنی ھو گئی ھے تم سے ء کہ یہ دل تمہارے بغیر دھڑکنا ہی چھوڑ دے گا "

" میں ایسی اذیت بھری زندگی نہیں جینا چاہتا "

"عادت ھو گئی ھے تمہاری مجھے"

" اور اگر تم نہ ملی تو مر جاؤں گا میں "

" لیکن مجھے جینا ھے عیلی "

" ابھی تو میں نے خوش رہنا سیکھا ھے "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ابھی تو میں نے خواب دیکھے ھیں "

"ہمارے فیوچر کے خواب "

"پلیز عیلی یا تو میری ھو جاؤ ہمیشہ کے لئے ء یا پھر مار دو مجھے "

" قسم سے اف بھی نہیں کروں گا "

فہد نے بولتے ھوئے اپنی سرخ ھوتی آنکھوں سے عیلی کی طرف دیکھا جبکہ عیلی پہلے تو شوکڈ سی فہد کی بات سنتی رہی مگر پھر آخر میں طنز سے مسکرائی۔۔۔۔

"آپ جانتے ھیں نا سائیں جی "

" کہ دوسرا آپشن تو میں پورا کر نہیں سکوں گی "

" تو بچا میرے پاس آپ کو معاف کرنے کا آپشن "

" کتنے خود غرض ھیں نا آپ سائیں جی "

" ابھی بھی "

" ابھی بھی اتنا سب کچھ ھو جانے کے بعد بھی "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" آپ مجھ سے یہ امید رکھتے ھیں کہ میں سب کچھ بھول کر آپ کو معاف کر دوں "

"اور آپ کے ساتھ رہ کر آپ کو خوش رکھوں "

" بٹ سوری مسٹر فہد مصطفیٰ "

" علیشاہ رانا کا ظرف اتنا بھی بڑا نہیں ھے "

"کہ وہ اپنی بہین اور اپنے بابا کے قاتل کو معاف کر کے اس کے ساتھ ایک خوشحال زندگی گزارے "

" یہ سب ممکن نہیں ھے مسٹر فہد "

"مجھے موت قبول ھے مگر آپ کا ساتھ نہیں "

"بجا رہی ھوں میں آپ سے دور ہمیشہ کے لیے"

"اور ھاں ایک اور بات!

" کہ آپ میرے بغیر مر جائیں گے تو مسٹر فہد مصطفیٰ "

" جو لوگ جان لینا جانتے ہیں نا وہ خود مر نہیں سکتے اس لئے یہ بڑے بڑے ڈائیلاگ بولنا بند کریں "

"کیونکہ ان سب کا مجھ پر کوئی اثر نہیں ھونے والا "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" جانتی ھوں میں آپ کو بہت اچھے سے "

" اوراب تو پہچان بھی گئی ھوں "

عیلی نے زخمی سی مسکراہٹ کے ساتھ فہد کو دیکھا۔۔۔۔جس کے ھاتھ میں ابھی بھی گن موجود تھی۔۔۔۔

اور پھر مڑ کر دروازے کی طرف جانے لگی کہ اسے پھر سے فہد کی آواز سنائی دی۔۔۔۔

" میں سچ کہہ رھا ھوں عیلی "

" اگر تم نے ایک بھی قدم اس دروازے کے پار رکھا نا تو میں خود کو شوٹ کر لوں گا "

" کیونکہ تمہاری محبت نے مجھے بہت جنونی بنا دیا ھے عیلی "

"اور اگر تم نہ ملی نا مجھے تو مجھے یہ زندگی بھی نہیں چاھیے "

" فیصلہ تمہارا ھے "

"سوچ سمجھ کر کرو"

ورنہ کہیں ایسا نہ ھو کہ تم پوری عمر پچھتاتی رھو "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" کہ کاش تم میری محبت کا یقین کر لیتی

فہد کی آواز انتہائی تکلیف سے بھرپور تھی جبکہ عیلی نے زور سے اپنی آنکھیں بند کر کے اپنے آنسوؤں کو بہنے سے روکا۔۔۔۔۔

اور پھر بے جان ٹانگوں کے ساتھ دروازے سے باہر نکل گئی۔۔۔۔

کیونکہ اب جو بھی تھا وہ اپنی خود غرضی (جو کہ فہد سے محبت ہونے کی وجہ سے تھی) میں دعا اور فیصل صاحب کے خون کو معاف نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔

یہ کہاں کا انصاف تھا۔۔۔۔

کہ وہ اپنی فیملی کے قاتل کے ساتھ ایک خوشحال زندگی گزارے۔۔۔۔۔

اور عیلی مر کر بھی یہ کام نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔

ابھی عیلی نے اپنے دونوں پاؤں کمرے سے باہر رکھے ہی تھے کہ اسے گولی چلنے کی آواز سنائی دی۔۔۔۔۔

جسے سنتے ہی عیلی کو اپنی سانسیں رکتی ہوئی محسوس ہوئیں۔۔۔۔۔

" یا اللہ پلیز ایسا نہ ہو "

" سائیں جی نے ایسا کچھ بھی نہ کیا ہو "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" وہ زندہ ھوں "

" پلیز اللہ جی"

"میں انھیں مارنا نہیں چاہتی ھوں"

"پلیز سائیں جی زندہ ھوں "

عیلی بھیگی ھوئی آنکھوں کے ساتھ دل میں اللہ سے دعائیں کرتی ھوئی جسے ہی کمرے میں داخل ھوئی تو اسے فہد زمین پر گرا ھوا نظر آیا جبکہ اس کے سر سے بہت تیزی سے خون بہ رہا تھا۔۔۔۔

یعنی اس نے اپنی کنپٹی پر گولی ماری تھی۔۔۔۔

"س۔۔۔سا۔۔۔۔ئیں ج۔۔۔۔جی "

عیلی نے زیر لب فہد کا نام لیا اور پھر بے ھوش ھو کر زمین پر گر گئی۔۔۔۔

" بابا آپ نے ابھی تک میڈیسن نہیں لی "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" کتنے لاپرواھو رھے ھیں بابا آپ "

" اگر میں آپ کی میڈیسن کا دھیان نہ رکھوں نا تو آپ تو کبھی میڈیسن لیں ہی نہ "

عیلی نے غصے سے منہ بناتے ھوئے میڈیسن نکال کر حیات صاحب کے منہ میں ڈالی اور پھر انھیں پانی پلاتے ہوئے مسلسل انھیں باتیں سنائے جا رہی تھی۔۔۔۔۔

جبکہ حیات صاحب عیلی کی باتوں پر مسکرائے جا رھے تھے۔۔۔۔

آج فہد کو فوت ھوئے پورا ایک سال ھو چکا تھا۔۔۔۔

جب فہد کو مرا ھوا دیکھ کر عیلی بے ھوش ھوئی تھی۔۔۔

تبھی غلام بخش فارم ھاؤس میں داخل ھوا تھا کیونکہ اسے حیات صاحب نے یہاں بھیجا تھا کہ وہ انھیں دیکھ کر بتائے کہ کیا واقعی میں فہد نے نکاح کر لیا ھے۔۔۔

مگر غلام بخش ابھی ھال میں داخل ہی ھوا تھا کہ اسے قاسم کی لاش زمین پر پڑی ھوئی نظر آئی جسے دیکھ کر غلام بخش فہد کو پکارتے ھوئے فہد کے کمرے میں داخل ھوا تو اسے فہد کا بے جان وجوں زمین پر گرا ھوا نظر آیا جبکہ اس کے پاس عیلی بے ھوش پڑی تھی۔۔۔۔

مگر زینب فہد کے پاس بیٹھی زور زور سے ھنس رہی تھی اور پھر وہ غلام بخش کو دیکھ کر رونے لگی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور پھر کچھ دیر بعد ھنسنے لگی۔۔۔۔۔

یعنی یقیناً زینب سے قاسم کی موت کے بعد فہد کی موت برداشت نہیں ھوئی اور وہ اپنا ذہنی توازن کھو بیٹھی تھی۔۔۔

غلام بخش نے روتے ھوئے فہد کو اٹھانا چاہا مگر وہ کب کا بے جان ھو چکا تھا۔۔۔۔

کچھ دیر رونے کے بعد غلام بخش عیلی کے پاس آیا اور پھر اس کی سانسیں چیک کر کے اسے ھوسپٹل لے گیا ۔۔۔۔

دو دن مسلسل بے ھوش رہنے کے بعد عیلی ھوش میں آئی تو اسے اپنے پاس ویل چیئر پر حیات صاحب بیٹھے ھوئے نظر آے۔۔۔۔

پہلے تو عیلی نے حیرانگی ظاہر کی مگر پھر غلام بخش کے تعارف کروانے پر عیلی ھاتھ جوڑ کر زور زور سے رونے لگی اور ان سے فہد کی موت کی معافی مانگنے لگی مگر حیات صاحب تو عیلی کو پہلے ہی بے گناہ سمجھتے تھے۔۔۔

اس لئے کھلے دل کے ساتھ عیلی کو معاف کر دیا۔۔۔

اور اپنے ساتھ ہی عیلی کو حویلی لے گئے۔۔۔۔

کیونکہ عیلی کا بھی کوئی اور سہارا نہیں تھا اور کچھ گلٹ بھی تھا۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس لئے چپ چاپ حیات صاحب کے ساتھ حویلی رکھنے لگی

تب سے عیلی ان کے ساتھ ہی تھی جبکہ عیلی کے کہنے پر زینب بھی ان کے ساتھ ہی رہ رہی تھی مگر اس کی ذہنی حالت اب بھی ویسی ہی تھی۔۔۔۔۔

" بابا کیا سوچ رہے ھیں آپ"

عیلی نے حیات صاحب کو خاموش دیکھ کر ان سے پوچھا تو حیات صاحب ہلکے سا مسکرا کر اپنی نم آنکھوں کو صاف کرنے لگے۔۔۔۔۔

اس ایک سال میں عیلی کی بھرپور توجہ کی وجہ سے حیات صاحب پہلے سے بہتر ھو گئے تھے اور اب تو بولنے کے ساتھ ساتھ ہلکا پھلکا چلنے بھی لگے تھے۔۔۔۔

مگر پھر بھی عیلی ان کا بہت خیال رکھتی تھی۔۔۔۔

" مجھے معاف کر دیں بابا"

" میری وجہ سے سائیں جی"

" نہیں بیٹے اس میں تمہاری کوئی غلطی نہیں ھے"

" بس مجھے اس بات کا دکھ ھے کہ فہد کو خودکشی نہیں کرنی چاھیئے تھی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" اللہ بس اس کی مغفرت فرمادیں"

" اور اگر میرا بیٹا گیا ھے تو مجھے ایک بیٹی بھی تو ملی ھے"

" تمہارے روپ میں"

" اس لئے دل چھوٹا نہیں کرو"

" اور خوش رھو "

" مگر ایک بات ضرور کروں گا بیٹے"

"کہ پلیز فہد کو سچے دل سے معاف کر دو تا کہ اللہ بھی اسے معاف کر دے"

" وہ تکلیف میں ھو گا بیٹے پلیز اسے میری ریکویسٹ سمجھ لو"

حیات صاحب نے عیلی کے آنسو صاف کرتے ہوئے بہت منت بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

جبکہ عیلی ہلکا سا مسکرائی اور پھر ھاں میں سر ہلا دیا۔۔۔

بابا آپ ریسٹ کریں میں زینب کو دیکھ کر آتی ھوں کہ اس نے کھانا کھایا کہ نہیں۔۔۔۔

عیلی خود کو نارمل کرتی ھوئی بولی تو حیات صاحب نے سر ہلا کر عیلی کو جانے کی اجازت دی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو عیلی اٹھ کر تیزی سے کمرے سے باہر نکل کر زینب کے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔

" زینب آپ نے ابھی تک کھانا نہیں کھایا "

" یہ تو کوئی بات نہ ھوئی"

" جلدی سے کھانا ختم کریں"

عیلی اپنے ھاتھوں سے نوالہ بنا کر زینب کے منہ میں ڈالنے لگی تو زینب بھی چپ چاپ عیلی کے ھاتھ سے کھانا کھاتی گئی۔۔۔۔۔

" چلیں آپ گیم کھیلیں میں ابھی واپس آتی ھوں"

عیلی جلدی سے زینب کو دیکھ کر بولی اور پھر تیزی سے اپنے کمرے کی طرف چل پڑی۔۔۔۔۔

" آئی ایم سوری سائیں جی"

"وجہ سے آپ نے خود کی جان لی o میری"

" لیکن شاید ہم ایک دوسرے کے لئے بنے ہی نہیں تھے"

" اس لئے ایک ھو کر بھی ساتھ نہ رہ سکے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ھو سکے تو مجھے معاف کر دیجئے گا"

" آج میں آپ کو اپنی بہن اور بابا کے قتل معاف کرتی ھوں"

"بس میرے اللہ آپ کو معاف کر دیں "

" اور آپ کی بخشش ھو جائے"

عیلی نے روتے ہوئے فہد کی تصویر کو دیکھ کر کہا اور پھر پر سکون ھو کر وضو کرنے لگی۔۔۔۔

اب اسے اپنی دعاؤں میں فہد کی مغفرت بھی مانگنی تھی دیر سے سہی مگر آج اس نے فہد کو سچے دل سے معاف کر دیا تھا۔۔۔۔

ختم شدہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Tu Meri Zindagi Hai | By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel